# 14-07-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج شام سوریہ پیٹ ضلع کے تنگا ترتی حلقہ کے ترمول گری منڈل میں منعقدہ ایک پروگرام میں نئے راشن کارڈ کی تقسیم کا افتتاح کیا۔

۲۔ ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ ان کی حکومت آبی وسائل کے انتظامیہ میں سابقہ بی آر ایس حکومت کی غلطیوں کو درست کر رہی ہے۔

۳۔ پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر پونم پربھاکر نے سماجی، تعلیمی اور روزگار کے شعبوں میں پسماندہ طبقات کیلئے 42 فیصد تحفظات فراہم کرنے کے کانگریس حکومت کے فیصلہ کا پرزور دفاع کیا ہے۔

اور

۴۔ گزرے دور کی مشہور اداکارہ بی سروجا دیو آج بنگلورو میں چل بسیں۔ وہ 87 سال کی تھیں۔

PONNAM - BC

پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر پونم پربھاکر نے سماجی، تعلیمی اور روزگار کے شعبوں میں پسماندہ طبقات کیلئے 42 فیصد تحفظات فراہم کرنے کے کانگریس حکومت کے فیصلہ کا پرزور دفاع کیا ہے۔ گاندھی بھون میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے بی جے پی پر الزام لگایا کہ وہ قانونی رکاوٹین کھڑی کر رہی ہے اور ریاستی حکومت کے اقدام کے بارے میں غلط باتیں پھیلا رہی ہیں۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ ذات پات کے سروے کی بنیاد پر اسمبلی میں ایک قرارداد منظور کی گئی اور پسماندہ طبقات کے تحفظات کو 42 فیصد تک بڑھانے کیلئے ایک بل بھی منظور کیا گیا۔ یہ بل گورنر کو اور اس کے بعد صدر جمہوریہ کو منظوری کیلئے بھیجا گیا۔ پونم پربھاکر نے بی جے پی کے او بی سی مورچہ کے قومی صدر ڈاکٹر کے لکشمن پر الزام لگایا کہ وہ پسماندہ طبقات کے تحفظات کے تعلق سے عدم رواداری کا اظہار کر رہے ہیں۔

Sound Byte

WEATHER

تلنگانہ کے اضلاع کمرم بھیم آصف آباد، منچر یال، جئے شنکر بھوپال پلی، ملگ، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم اور سوریہ پیٹ میں یکادوکا مقامات پر آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ آئندہ 7 دن کے دوران ریاست میں کئی مقامات پر یا یکادوکا مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش ہوسکتی ہے یا گرج چمک کے ساتھ بوندہ باندی کا امکان ہے۔ تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسان کمزور رہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست میں یکادوکا مقامات پر بارش ہوئی۔

RANGAM

تاریخی اجینی مہانکالی مندر میں لشکر بونالو تقاریب کا آج اختتام عمل میں آیا۔ صبح رنگم کی تقریب منعقد ہوئی۔ سورنالتا نے پیش قیاسی کی کہ اس سال تلنگانہ میں بارش اطمینان بخش رہے گی۔ انہوں نے عقیدتمندوں کو تیقن دیا کہ ریاست میں کافی بارش ہوئی جس سے زرعی پیداوار میں مدد ملے گی اور عوام کو خوشیاں حاصل ہوں گی۔ انہوں نے مناسب رسومات ادا نہ کرنے کی صورت میں اس کے خراب نتائج وعواقب کا انتباہ دیا۔ سورنالتا نے عقیدتمندوں سے کہا کہ وہ سنجیدگی کے ساتھ روایتی روسومات ادا کریں۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں اس کے نتائج بھوگتنے ہوں گے۔ سورنالتا نے آنے والے چیالنجوں کے بارے میں بھی خبردار کیا جن میں متعدد امراض، آگ حادثات شامل ہیں۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ چوکس رہیں۔ رنگم پروگرام میں ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے شرکت کی۔ تقاریب کے حصہ کے طور پر جلوس بھی نکالا گیا۔ اس موقع پر پولیس نے وسیع تر انتظامات کئے تھے۔

BHATI

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے بی آر ایس کے قائدین پر تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا ہے کہ وہ حکومت کے خلاف جھوٹ پھیلا رہے ہیں اور کیچڑ اچھالنے میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آبی وسائل کے انتظامیہ میں سابقہ بی آر ایس حکومت کی غلطیوں کو درست کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت کرشنا اور گوداوری کے پانی میں تلنگانہ کے جائز حصہ کو حاصل کرنے کے لئے ٹھوس اقدامات کرنے کے اپنے عزم پر قائم ہے۔

Sound Byte

وہ آج کھمم ضلع کے کوسو منچی منڈل میں پالیرذخیرہ آب سے ناگرجنا ساگر کی بائیں نہر میں پانی چھوڑنے کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کررہے تھے۔انہوں نے وزیر مال پی سرینواس ریڈی کے ساتھ مل کر پوجا میں حصہ لیا اوراس کے بعد ذخیرہ آباد سے پانی چھوڑا۔ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ کانگریس حکومت دریائے کرشنا اور دریائے گوداوری کے پانی تلنگانہ کے جائز حصہ حاصل کرنے اور زیرالتوا پراجکٹس کو مکمل کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کررہی ہے۔

CM

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت 2047ء کا ویژن دستاویز تیار کررہی ہے اوراس میں فلم پر ایک چاپٹر شامل ہوگا۔انہوں نے آج راموجی فلم سٹی میں فلم پراجکٹ سریمد بھگوتم پارک ون کے افتتاح کی تقریب میں شرکت کرتے ہوئے یہ بات کہی۔سریمد بھگوتم فلم بنانے پر فلم کی ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 40 سال قبل رامائن سیریئل کی وجہ سے رامائن عوام کے قریب آ گئی تھی۔انہوں نے کہا کہ کووڈ کے دوران رامائن سیریئل پھرایک بار ٹیلی کوسٹ کرتے ہوئے عالمی ریکارڈ قائم کیا گیا۔انہوں نے اس تمناء کا اظہار کیا کہ سریمد بھگوتم پارک ون فلم رامائن کی طرح مقبولیت حاصل کرے۔

PREZ - Governor

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج ہریانہ اور گوا کیلئے نئے گورنرس اور لداخ کیلئے نئے لیفٹیننٹ گورنر کا تقرر کیا۔ سابق وزیر شہری ہوابازی پی اشوک گجپتی راجو کو گوا کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔پروفیسر اشیم کمار گھوش ہریانہ کے گورنر ہوں گے۔کوویندر گپتا کو لداخ کا لیفٹیننٹ گورنر مقرر کیا گیا ہے۔ صدر جمہوریہ نے لداخ کے لیفٹیننٹ گورنر ڈاکٹر پی ڈی مشرا کا استعفیٰ قبول کرلیا۔

Peddapalli sridhar babu

انفارمیشن تکنالوجی اور صنعتوں کے وزیر سریدھر بابو نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت خانگی اسکولوں کی طرح سرکاری اسکولوں کو ترقی دینے کے مقصد سے کام کررہی ہے۔انہوں نے آج پداپلی ضلع کے مہادیو پور منڈل ہیڈکوارٹر پر ایک سرکاری اسکول میں منعقدہ ونامہوتسو پروگرام میں شرکت کی اور طلبہ کے ساتھ مل کر پودے لگائے۔اس موقع

پر انہوں نے طلبہ سے کہا کہ وہ ریاستی حکومت کے ترقیاتی کاموں کا نوٹ لیں اور آنے والے دنوں میں حکومت گاؤں اور والدین کا نام روشن کریں۔ سریدھر بابو نے کہا کہ اس اسکول کو 15 کروڑ روپے کی لاگت سے ترقی دی جائے گی اور جلد ہی ان کاموں کا سنگ بنیاد رکھا جائے گا۔

B. Sarooja Devi

گزرے دور کی مشہور اداکارہ بی سروجا دیو آج بنگلورو میں چل بسیں۔ وہ 87 سال کی تھیں۔ انہوں نے 1955ء میں مہا کوی کالی داس نامی فلم کے ساتھ اپنے کیریئر کی شروعات کی۔ انہوں نے 70 سال کے اپنے کیریئر میں کنڑ، ٹامل، تلگو اور ہندی کی زبانوں میں 200 سے زیادہ فلموں میں کام کیا۔ سروجا دیوی کو ہندوستانی سنیما کیلئے ان کی خدمات کے اعتراف میں پدم شری اور پدم بھوشن سے نوازا گیا۔ ملک کے 60 ویں یوم آزادی کے موقع پر 2008ء میں انہیں لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ پیش کیا گیا۔

Sigachi

پاشاہ میلارم میں سیگاچی انڈسٹری میں دھماکہ اور آگ کے واقعہ میں مہلوکین کی تعداد آج 45 ہوگئی جبکہ چندانگر کے ایک دواخانہ میں تارک نامی زخمی ملازم نے دم توڑ دیا۔ 8 ملازمین ابھی بھی لاپتہ ہیں جبکہ 13 زخمی مختلف دواخانوں میں زیر علاج ہیں۔

Ayush

آیوش کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ گنپت راؤ جادھو نے کہا ہے کہ پوری دنیا آیوروید کی سائنسی بنیاد اور اس کی افادیت کو سمجھ رہی ہے اور اسے اپنا رہی ہے۔ انہوں نے آج دہلی میں آل انڈیا انسٹیٹیوٹ آف آیورویدا کی جانب سے منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ شالیا کان 2025ء ایک تین روزہ قومی کانفرنس ہے جو شالیا تنتر پر منعقد کی جارہی ہے۔ یہ کانفرنس کل شروع ہوئی۔

Ration Cards

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج شام سوریہ پیٹ ضلع کے تنگا ترتی حلقہ کے ترمول گری منڈل میں منعقدہ ایک پروگرام میں نئے راشن کارڈ کی تقسیم کا افتتاح کیا۔ اس پروگرام میں سیول سپلائز کے وزیر اتم کمار ریڈی، کونسل کے

چیرمین جی سکھیند رریڈی، اسپیکر گڈم پرسادا ور وزرا نے شرکت کی۔ چیف منسٹر نے اس موقع پر 40 کروڑ روپے کے ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ ریاستی حکومت نے تین لاکھ 58 ہزار راشن کارڈس جاری کرنے کا پروگرام شروع کیا ہے۔ حکومت نے ریاست کے تمام دیہاتوں میں آج راشن کی دوکانوں پر باریک چاول کی سربراہی بھی شروع کی۔

○○